# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے

# پکنک کی ٹوکری

سدرہ توصیف



تصویریں: عظمیٰ ذیشان

# ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور کہانی سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 7 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

**10 منٹ** • کہانی پڑھنے سے پہلے بچوں سے پکنک کے بارے میں گفتگو کریں۔ اُن سے پوچھیں کہ کیا وہ کبھی پکنک پر گئے ہیں؟ اگر ہاں، تو کس کے ساتھ؟ اور کہاں؟ ان سے پکنک کی تیاری کے متعلق بھی پوچھیں۔

**15 منٹ** • بچوں سے کتابیں کھولنے کو کہیں۔ کہانی پڑھ کر سنائیں اور ساتھ ساتھ ہر صفحے پر دی گئی تصویر پر بچوں سے بات چیت کریں۔

**20 منٹ** • بچے کوپی نکالیں۔ بچوں سے کہیں کہ پکنک پر کھانے پینے کا سامان اور کھیلنے کے لئے لے جانے والی چیزوں کی فہرست کوپی میں لکھیں۔

# سیشن 2

**15 منٹ** • 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں اور جہاں جہاں پڑھنے میں دشواری ہو، ان کی مدد کریں۔ صحیح پڑھنے پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**10 منٹ** • بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ گھر کے کاموں میں اپنی امی کا ہاتھ بٹاتے ہیں؟ اگر ہاں، تو کن کاموں میں ہاتھ بٹاتے ہیں؟ اور کیا وہ خود سے بھی کوئی کام کرتے ہیں؟

- بچوں کو بتائیں کہ انہیں گھر کے کاموں میں اپنے امی ابو کا ہاتھ بٹانا چاہیئے۔ اور یہ بھی کہ کام صرف امی کی ذمہ داری نہیں بلکہ گھر کا ہر فرد اس کا ذمہ دار ہے۔

15 منٹ • بچوں سے سال کے مختلف موسموں کا ذکر کریں۔ ان کے خیال میں سال میں کتنے موسم ہوتے ہیں۔ ان سے پوچھیں کہ وہ کتنے موسموں کے نام جانتے ہیں۔

- موسموں کے نام اردو اور انگریزی میں بورڈ پر لکھیں۔ بچے انہیں اپنی کوپی میں لکھیں۔

| English | اردو |
|---|---|
| Winter | سردی |
| Summer | گرمی |
| Spring | بہار |
| Autumn/Fall | خزاں |

**ہوم ورک**

5 منٹ • گھر سے کہانی پڑھ کر آئیں۔

# سیشن 3

10 منٹ • 7 - 6 بچوں سے باری باری کہانی پڑھوائیں۔

20 منٹ • خالی جگہ پر کروائیں۔ نیچے دئے گئے جملے اور الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی نکالیں۔ بورڈ سے جملے اتاریں اور دئے گئے الفاظ خالی جگہ میں پر کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| گہرے | گرجے | بوندا باندی | سہانا | ہبڑ دبڑ |

1 پکنک کی تیاری میں سارے گھر میں ____________ مچی ہوئی تھی۔
2 آسمان پر ____________ بادل چھائے ہوئے تھے۔
3 ایک دم سے بادل ____________ اور احمد ڈر گیا۔
4 ہم گھر سے نکلے ہی تھے کہ ____________ شروع ہوگئی۔
5 بارش کے بعد موسم بہت ____________ ہو گیا تھا۔

**15 منٹ** • بچوں سے پوچھیں کہ پاکستان میں اور خصوصاً کراچی میں انہیں کون کون سے موسم دیکھنے کو ملتے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ پاکستان کے شمال میں شدید سردی اور برف باری دیکھنے کو ملتی ہے اور جنوبی علاقوں میں زیادہ گرمی ہوتی ہے۔ بچوں سے بات چیت کریں کہ پکنک پر جانے کے لئے ان کے خیال میں کون سا موسم سب سے اچھا ہوتا ہے۔ بچے اس موقع پر جو بھی جواب دیں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

# سیشن 4

**10 منٹ** • 6 - 4 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

**30 منٹ** • بچے اپنی کوپی نکالیں اور اپنے پکنک پر جانے کے تجربے کے بارے میں 8 - 6 جملے لکھیں۔

- جملے لکھنے میں بچوں کی رہنمائی کریں کہ وہ اس میں کیا کیا لکھ سکتے ہیں۔ مثلاً:
- پکنک پر کس کے ساتھ گئے؟
- کہاں گئے؟
- کھانے پینے کی کونسی اشیاء لے کر گئے؟
- کھیلنے کا کیا سامان لے کر گئے؟
- وہاں انہوں نے کیا کیا؟ کون سے کھیل کھیلے؟
- کوئی یادگار بات یا واقعہ؟ کیا انہیں کوئی خوشبو یا کوئی آواز یاد ہے جسے وہ اس جگہ سے منسلک کرتے ہیں؟

## ہوم ورک

- 5 منٹ • سیشن 5 کے لئے املا کی تیاری کریں۔ املا کے الفاظ:

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سہانا | خوشی | شیلف | الماری | پکوڑے | پالتو | بلیاں | ڈھونڈنے | گھرے | پکنک |

# سیشن 5

- **15 منٹ** • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں۔ املا لکھوائیں۔
- **15 منٹ** • املا کی اصلاح کروائیں۔ بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔ جن الفاظ کا املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔ بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
  - بعد میں خود بچوں کی کوپی چیک کریں اور نمبر دیں۔
- **15 منٹ** • 4 - 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

# سیشن 6

- **30 منٹ** • بچے اپنی کوپی نکالیں۔ کہانی میں سے ہ اور ھ والے الفاظ ڈھونڈ کر الگ الگ کالم میں لکھیں۔
- **15 منٹ** • جب بچے یہ کام کرلیں تو ٹیچر بورڈ پر ہ اور ھ والے الفاظ لکھیں۔ بچے بورڈ سے دیکھ کر خود اصلاح کریں۔ بعد میں ٹیچر بچوں کی کوپی چیک کریں۔

| ہ | ھ | ہ | ھ |
|---|---|---|---|
| سہانا | چھٹی | نہ | ہاتھ |
| ہوا | ٹھنڈی | باہر | پوچھا |
| نہیں | بھی | ہم | ڈھونڈنے |
| چاہتا | تھے | انہوں | دھیان |
| ماہا | کھانے | ہی | تھا |
| کہا | پھل | رہتی | ٹھنڈا |
| یہی | دکھ | ہاتھ | بھر |
| رہے | تھی | وہاں | رکھنے |
| ہونے | دیکھیں | یہ | بھاگا |
| ہوں | ساتھ | گھرے | مکھن |
| انہیں | تھیں | ہو | اٹھائی |
| کہاں | دیکھ | ہبڑ | تھیلا |
| ہے | سمجھایا | رہا | سنبھالا |
| رہی | اٹھایا | وہ | گھر |

# سیشن 7

**15 منٹ** • ٹیچر کے لئے نوٹ: اسم ضمیر وہ الفاظ ہیں جو اسم کی جگہ استعمال ہوتے ہیں۔ بات چیت کے ذریعے بچوں کو اسم ضمیر سمجھائیں۔ جیسے:

وہ، اس، انہیں، ہم، تم، اسے، ان، ہمارا، ہماری، ہمارے، میرا، میرے، میری، آپ، میں، ہمیں، تمہیں، مجھے وغیرہ۔

**30 منٹ** • بورڈ پر نیچے دیا گیا پیراگراف لکھیں۔ بچے دی گئی عبارت بورڈ سے اپنی کوپی میں اتاریں۔ اس میں اسم ضمیر تلاش کرکے ان پر دائرہ لگائیں۔

| |
|---|
| میرے امی اور ابو مل کر گھر کے کام کرتے ہیں۔ وہ ہر کام میں ایک دوسرے کا ہاتھ بٹاتے ہیں۔ میں اور میرا بھائی بھی ان کی مدد کرتے ہیں۔ ہمارے گھر میں دو پالتو بلیاں ہیں۔ ہم سب مل کر ان کا خیال رکھتے ہیں۔ مجھے اپنی کالی اور سفید بلیاں بہت اچھی لگتی ہیں۔ |

# پکنک کی ٹوکری

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

Rs XXX